سے بھی ان کے رفع درجات کے لئے دعا کرتا ہے۔

حضرت مولانا محمد انور کبیر والاؒ کی وفات: پنجاب کے مشہور اور معیاری ادارہ دارالعلوم کبیر والا ملتان کے حضرت مولانا محمد انورؒ کا انتقال علمی اور جماعتی حلقوں حلقوں کے لئے بہت بڑا خسارہ ہے۔ مرحوم نے ہر میدان میں عزیمت واستقامت کے ساتھ قائد جمعیت مولانا سمیع الحق صاحب کا ساتھ دیا۔ دارالعلوم اور جمعیت علماء اسلام اس سانحہ میں شریک تعزیت ہے۔ حضرت مولانا نے مرحوم کے اہل وعیال اور صاحبزادگان سے اظہار تعزیت اور دارالعلوم میں رفع درجات کی دعا کی گئی۔

مولانا محمد یسین جھنگ کو صدمے: جھنگ کے بزرگ اور ممتاز عالم دین اور جمعیت علماء اسلام کے نہایت سرگرم رہنما حضرت مولانا محمد یسین صاحب جھنگ کی والدہ محترمہ انتقال کر گئیں اور کچھ دن قبل ان کے نہایت قابل و فاضل نوجوان صاحبزادہ بھی انتقال کر گئے۔ ۲۹ فروری کو حضرت مولانا رفقاء سمیت تعزیت کے لئے جھنگ گئے اس موقع پر جھنگ میں علماء ومشائخ اور کارکنوں کے استقبالیہ اجتماعات سے خطاب ہوا اور کئی تقاریب میں شرکت کی۔

مولانا عبدالواحد کو صدمہ حضرت مولانا عبدالواحد درسمند ہنگو کے ممتاز اور بزرگ عالم اور جمعیت کے سرگرم رہنما ہیں، ان کی والدہ ماجدہ کا انتقال ہوا۔ مولانا بانی دارالعلوم حقانیہ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ اور قائد جمعیت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے نہایت مخلص ساتھی ہیں۔ مرحومہ کی وفات پر دارالعلوم میں دعائے تعزیت کی گئی۔ حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب، مولانا محمد یوسف شاہ صاحب، جناب اکرام اللہ شاہد ڈپٹی اسپیکر سرحد اسمبلی نے درسمند جا کر مولانا اور اس کے خاندان سے تعزیت کی۔

سلسلہ مطبوعات موتمر المصنفین (29)

اقتدار کے ایوانوں میں

شریعت بل کا معرکہ

مولانا سمیع الحق

ملک کی تاریخ میں نفاذ شریعت کی جدوجہد کا روشن باب، ایوان بالا سینیٹ اور قومی سیاست میں نظام اسلام کی جنگ، آغاز، رفتارِ کار، صبر آزما مراحل کی لحہ بہ لحہ روئیداد اور مستقبل کے لائحہ عمل کے علاوہ خارجہ پالیسی، عورت کی حکمرانی، جہاد افغانستان اور اہم قومی وملی اور بین الاقوامی مسائل پر فکر انگیز گفتگو اور سیر حاصل تبصرے۔

موتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ سرحد پاکستان